

شمارہ:۸

سپریم کورٹ پاکستان کے اہم فیصلے

قانون فہمی ۔ عوامی آگاہی کے لیے

کمشنر ان لینڈ ریونیو بنام خادم حسین

(2026 SCP 246 – C.A. No. 2480/2016)

سپریم کورٹ کا کوئی بینچ اپنے ہی برابر ججوں پر مشتمل دوسرے بینچ کے پہلے فیصلے کی پابندی کرنے کا پابند ہے۔ اگر کوئی بینچ پہلے فیصلے کے برعکس فیصلہ دے تو ایسا بعد کا فیصلہ (Per Incuriam) قانونی طور پر درست نہیں سمجھا جائے گا، جب تک سپریم کورٹ کا کوئی بڑا بینچ پہلے فیصلے کو تبدیل نہ کر دے۔

قانون میں ایسی نئی ترامیم، جن سے کسی شخص پر نئی ذمہ داری، سزا یا مالی بوجھ عائد ہو یا اس کے پہلے سے حاصل شدہ حقوق متاثر ہوں، صرف آئندہ کے لیے لاگو ہوں گی، جب تک قانون میں واضح طور پر گزشتہ معاملات پر بھی ان کا اطلاق نہ کیا گیا ہو۔

نفیس احمد بنام شاہین بیگم

(2026 SCP 242 – C.P. No. 44-K/2026)

مالک مکان کو یہ فیصلہ کرنے کا مکمل اختیار حاصل ہے کہ اسے اپنی ذاتی ضرورت کے لیے اپنی کون سی دکان یا جگہ چاہیے۔ کرایہ دار مالک مکان کو مجبور نہیں کر سکتا کہ وہ اپنی ضرورت کے لیے کسی دوسری جگہ کو استعمال کرے۔

اگر کرایہ داری کے مقدمے میں اپیل سننے والی عدالت نے شواہد کی بنیاد پر مالک مکان کی ذاتی ضرورت کو درست تسلیم کر لیا ہو تو ہائی کورٹ آئین کے آرٹیکل 199 کے تحت ان شواہد کا دوبارہ جائزہ لے کر حقائق کی بنیاد پر دیے گئے فیصلے کو تبدیل نہیں کر سکتی، سوائے اس صورت میں جب فیصلے میں کوئی واضح قانونی یا اختیارات سے متعلق غلطی ہو، یا حقائق کے بارے میں نتیجہ صریحاً خلاف ریکارڈ ہو۔

قانون و انصاف کمیشن پاکستان
سپریم کورٹ بلڈنگ
شاہراہِ دستور، اسلام آباد